درخواست پر جمعہ کو فیصلہ سنایا جائے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق عالمی عدالت انصاف کا کہنا تھا کہ 17 ججوں کا پینل اسرائیل کے خلاف درخواست کا فیصلہ سنائے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق عدالت کا فیصلہ اسرائیل کے خلاف مقدمے کا حتمی فیصلہ نہیں ہوگا۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی افریقا نے اسرائیل کے خلاف عارضی اقدامات کی استدعا کی تھی۔ عالمی عدالت انصاف کا فیصلہ 26 جنوری کو پاکستانی وقت کیمطابق شام 5 بجے سنایا جائے گا۔ جنوبی افریقا کی درخواست کہا گیا ہے کہ عدالت قرار دے اسرائیل غزہ میں نسل کشی کنونشن کی خلاف ورزی کر رہا ہے، عدالت اسرائیل کو غزہ میں فوجی آپریشن بند کرنے کا حکم دے۔

بقیہ بقیہ جات 43

ہے، سیالکوٹ میں پیپلز پارٹی کے امیدوار ہیں ہی نہیں، اگر ہیں بھی تو ہو سکتا ہے وہ ہمیں ہی ووٹ دے رہے ہوں گے، دو چار دن میں سارا ابہام ختم ہو جائے گا پھر واضح نظر آ جائے گا کہ کونسی پارٹی کو دوسری پارٹیوں پر سبقت حاصل ہے۔ ایک انٹرویو میں بلاول بھٹو کے آزاد امیدواروں کے ساتھ ملکر حکومت بنانے کے دعوے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد امیدوار فوری طور پر فیصلہ نہیں کر لیتے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد امیدوار سیاسی ماحول کا جائزہ لینے کے بعد اپنا سیاسی مستقبل دیکھتے ہوئے فیصلہ کرتے ہیں، ایسی پارٹی کا انتخاب کرتے ہیں جہاں ان کا کوئی سیاسی مستقبل ہو اور اس پارٹی کا ٹکٹ مل سکے تا کہ انہیں آزاد امیدوار کے طور پر الیکشن نہ لڑنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ میں پیپلز پارٹی کے امیدوار ہیں ہی نہیں، اگر ہیں بھی تو ہو سکتا ہے وہ بھی ہمیں ہی ووٹ دے رہے ہوں گے۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ جیسے جیسے الیکشن کا دن قریب آ رہا ہے ویسے ویسے ابہام ختم ہو رہا ہے اور دو چار دن میں سارا ابہام ختم ہو جائے گا پھر واضح نظر آ جائے گا کہ کونسی پارٹی کو دوسری پارٹیوں پر سبقت حاصل ہے، فی الحال رائے عامہ ہمارے حق میں نظر آ رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے زور دے کر کہا کہ جو کچھ ساحلی فلسطینی پٹی میں ہو رہا ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے۔ اس تباہی سے اندازہ ہوتا ہے کہ ممکنہ طور پر چار لاکھ فلسطینیوں کو قحط کے خطرے کا سامنا ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ اسرائیل کی طرف سے پٹی پر چھیڑی جانے والی موجودہ جنگ کے آغاز کے بعد سے غزہ کے باشندوں کو خوراک پہنچانا بہت مشکل ہو گیا ہے۔ گریفتھس نے خبردار کیا کہ صورت حال تیزی سے خراب اور بے قابو ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ اقوام متحدہ کے سینئر اہلکار نے تصدیق کی کہ غزہ میں امداد کی نقل وحمل عملی طور پر ناممکن ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹی کے اندر آپریشنل حالات جاری لڑائی کی روشنی میں امداد کی تقسیم کے لیے دستیاب نہیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

آج تین بڑی جماعتیں ناکام ہو چکی ہیں، ان کے پاس عوام کے مسائل کا حل نہیں، نئی جماعت اس ماحول میں کہیں نہیں بن سکی، جو الیکشن نہیں لڑ رہے ان کو نیب میں بلایا جاتا ہے

بقیہ بقیہ جات 46

ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا سوشل میڈیا کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے، بالکل کان نہ دھریں، تمام اسکولز اور کالجز کھلے ہیں، پولیس بھرپور سکیورٹی فراہم کر رہی ہے، سوشل میڈیا کا غلط استعمال کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے سابق صوبائی وزیر، ایم این اے، ٹاؤن ناظم ندیم آفتاب سندھو، سابق ایم این اے ڈاکٹر نثار جٹ، حسن ذکا نیازی، راشد قدیر، عثمان اشرف اور دیگران کی ضمانت میں توسیع کر دی ہے، ملزمان کی ضمانتوں میں توسیع تفتیش کا مرحلہ مکمل نہ ہونے کی بنا پر کی گئی ہے۔

بعدالت جناب صوبیہ شاہ نواز
صاحبہ فیملی گارڈین جج سیالکوٹ

کاشف محمود ولد محمد اسماعیل ساکن بوگڑہ ڈاکخانہ فتح گڑھ سیالکوٹ بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس من کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہو سکتی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 01-3-2024 وقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر

اطلاع عام

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میسرز ٹاپ اینڈ ایس جنرل ٹریڈرز کا آفس ایڈریس مورخہ 25/1/2024 سے تبدیل ہو کر بالمقابل بنیز

تبدیلی نام

میں نے اپنا نام رابعہ سے تبدیل کر کے شازیہ رکھ لیا ائندہ سے مجھے اسی نام سے لکھا پڑھا اور پکارا جائے پاسپورٹ میں تبدیلی کی جائے شازیہ دختر سردار رحمت ساکن مکان فلیٹ نمبر 390 سٹریٹ

بعدالت جناب شیخ محمد تقی صاحب
سول جج سیالکوٹ

دعویٰ دلاپانے عنوان ارم شہزادی وغیرہ بنام رضوان علی اشتہار بنام رضوان علی ولد محمد اکرم قوم آرائیں ساکن پکا گڑھا کشمیر روڈ تحصیل وضلع سیالکوٹ (ریحاب اپیرل کشمیر روڈ پکا گڑھا سیالکوٹ) ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار بذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 09-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر

بعدالت جناب شیخ محمد تقی
صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدس شاہد بنام سفیان حیات اشتہار بنام سفیان حیات ولد محمد حیات ساکن بیر پنڈی جھرانا تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار بذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 30-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر

سمیت 20 ملزمان کی ضمانت میں توسیع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز عدالت میں 9 مئی کو حساس ادارے کے دفتر پر حملہ کے مقدمہ کی سماعت ہوئی جس کے دوران انسداد دہشت گردی کی عدالت کے اسپیشل جج محمد حسین نے ملزمان سابق صوبائی وزیر لطیف نذر گجر، ٹاؤن ناظم ندیم آفتاب سندھو، سابق ایم این اے ڈاکٹر نثار جٹ، حسن ذکا نیازی، راشد قدیر، عثمان اشرف اور دیگران کی ضمانت میں توسیع کر دی ہے، ملزمان کی ضمانتوں میں توسیع تفتیش کا مرحلہ مکمل نہ ہونے کی بنا پر کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

میں ایک گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں سرکاری افسر جاں بحق ہو گیا، مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال منتقل کی گئی ہے۔ پشاور پولیس کے مطابق موٹر سائیکل سوار حملہ آور واردات انجام دینے کے بعد فرار ہوگئے۔ پشاور پولیس نے بتایا کہ قاتلوں کی گرفتاری کیلئے جائے وقوع کے اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج حاصل کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

یا اغواء برائے تاوان کا کیس ہے؟ یہ کوئی خطرناک آدمی ہیں تو ہم بھی انہیں الیکشن نہیں لڑنے دیں گے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ ثناء اللہ مستی خیل اشتہاری نہیں ضمانت ہو چکی ہیں۔ جسٹس مسرت ہلالی کا کہنا تھا کہ ثناء اللہ مستی خیل پر ٹائر جلانے کا کیس ہے، ہائیکورٹ نے کیا جلدی تھی جو ٹربیونل کا فیصلہ ایک دم کالعدم کر دیا؟ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ ایک ہی دن میں درخواست لگا کر فیصلہ کر دیا، اگلے دن کی تاریخ ہی دے دیتے۔ چیف جسٹس نے الیکشن کمیشن حکام سے سوال کیا کہ کیا بیلٹ پیپرز چھپ چکے ہیں؟ جس پر الیکشن کمیشن حکام نے جواب دیا کہ بیلٹ پیپرز پرنٹنگ کیلئے تیار ہیں۔ سپریم کورٹ نے لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے ثناء اللہ مستی خیل کو الیکشن لڑنے کی اجازت دے دی۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کو ثناء اللہ مستی خیل کا نام بیلٹ پیپرز میں شامل کرنے کا بھی حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ ثناء اللہ مستی خیل این اے 91 بھکر سے امیدوار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

کی سماعت کی۔ فہد، طاہر کی، حیدر، سمیع اللہ، محمد عبداللہ، مختار احمد، محمد امین سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔ تاہم پرویز الٰہی اور محمد خان بھٹی کو عدالت پیش نہ کیا گیا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ ملزمان کو طلب کرنے کے باوجود کیوں پیش نہیں کیا گیا

بقیہ بقیہ جات 51

انتشار پھیلانے والوں اور شہیدوں کی یادگاروں کو مسمار کرنے والوں سے ہمارا مقابلہ ہے وہ لوگ اس قوم کے ٹھڈوں کے مستحق ہو سکتے ہیں ووٹوں کے نہیں، بلاول بھٹو زرداری ابھی سیاسی نابالغ ہیں میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ میرے نارووال سے مقابلہ کریں اگر لاڑکانہ کا بہتر ہوتا تو میں سیاست چھوڑ دونگا اگر نارووال بہتر ہوا تو وہ سیاست چھوڑ دیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے امیدوار قومی اسمبلی این اے 76، پی پی 54 سابق وفاقی وزیر داخلہ احسن اقبال، امیدوار قومی اسمبلی حلقہ این اے 75 سابق وفاقی وزیر انوارالحق چوہدری نے قصبہ توکو بھٹیاں میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بے روزگاری پی ٹی آئی کی حکومت نے دی ہم ملیپ ٹاپ دیئے ہم ووٹوں کے حقدار ہیں، کٹے اور مرغیوں کی سیاست نہیں چلے گی۔ جو اناڑی ہمارے لوگوں کو فوج کے خلاف بھڑکائے وہ ملک کا کبھی خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ نواز شریف نے وعدہ کیا دہشت گردی اور لوڈشیڈنگ ختم کی۔ امن، تعلیم اور ترقی چاہتے ہو تو مسلم لیگ ن کے ان بچوں کو کھاد دو سازش کے تحت عمران نیازی کو مسلط کیا گیا۔ ہمیں مہنگائی کا لیکچر نہ دو مہنگائی کرنے والا آج اڈیالہ جیل بیٹھا ہے، نمبردار چوہدری محمد خان، چوہدری الیاس بھٹی، چیئرمین اصغر بھٹی، سجاد بھٹی نے مہمانوں کا شاندار استقبال کیا

بعدالت جناب محترمہ سدرہ گل
نواز صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق عنوان۔ غلام فاطمہ بنام نادرا وغیرہ غلام فاطمہ دختر عبدالغنی ذات آرائیں ساکن محلہ چیمہ کھیالی شاہ پور گوجرانوالہ بنام نادرا وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 26-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ

بعدالت جناب ہدایت اللہ شاہ
صاحب ADJ سیالکوٹ

اپیل زیر دفعہ 96 عنوان عبدالجبار بنام عبدالغفار وغیرہ اشتہار بنام 5 عائشہ اسلام دختران محمد اسلام 6 فیصل اسلام پسر 8 عبدالرحمان 9 محمد یوسف ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار بذا بنام ریسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر ریسپانڈنٹ علیہ تاریخ 31-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست

بعدالت جناب نیلوفر صاحبہ سول
جج سیالکوٹ

عنوان شازیہ کوثر بنام محمد بوٹا اشتہار بنام محمد بوٹا ولد محمد امین ساکن شیخ پورہ ڈاکخانہ باجرہ گڑھی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار بذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 30-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ

بعدالت جناب محمد نعیم وٹو صاحب
سول جج گجرات

دعویٰ: دلاپانے مبلغ ایک کروڑ ساٹھ لاکھ روپے بابت ہرجانہ عنوان: اعجاز حسین بنام مرزا ارشد محمود اشتہار بنام: مرزا ارشد محمود ولد نذیر احمد سکنہ ڈاکخانہ خاص شیخ پور تحصیل وضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 26/01/2024 بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی

بعدالت جناب محترمہ نادیہ
صدیق اسد صاحبہ ایڈیشنل
ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرانوالہ

اپیل دیوانی اشتہار بنام۔ مسماۃ رضیہ بی بی وغیرہ بنام فخر زمان خان اشتہار بنام۔ کیلاش منور ولد منور حسین ساکن موضع جنڈیالہ باغ والہ تحصیل وضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 30-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ

بقیہ بقیہ جات 52

سائٹ ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ پنجاب بالخصوص لاہور میں بلاول بھٹو زرداری اور آصفہ بھٹو زرداری کا جس طرح خیر مقدم ہو رہا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر جگہ، ہر گلی میں بھٹو کے نعرے گونج رہے ہیں، پنجاب کے لوگ روایتی سیاست اور جماعتوں سے تنگ آ چکے ہیں، واضح طور پر پنجاب کے لوگ نفرت، تقسیم اور انتشار کی نہیں بلکہ بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی اور تعمیری سیاست چاہتے ہیں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ لوگوں کو الزام تراشی اور ماضی کی سیاست میں اب کوئی دلچسپی نہیں، عوام سنجیدہ سیاست اور نئی قیادت کی طرف دیکھ رہی ہے۔ پیپلز پارٹی کی نائب صدر نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل صرف پیپلز پارٹی کے 10 نکاتی ایجنڈے اور منشور میں ہے، لہذا لوگ 8 فروری کو واضح اکثریت کے ساتھ پیپلز پارٹی کو کامیاب کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 53

بڑی وجہ ماضی میں کی جانے والی غلطیاں ہیں آفتاب علی نے کہا کہ تحریک لبیک پاکستان کے امیدوار این اے 124 حاجی عرفان کے مقابلے میں مسلم لیگ ن کے رانا مبشر اقبال نے کاہنہ میں صاف پانی پروجیکٹ، کھوکھا مارکیٹ، واٹر فلٹریشن پلانٹ، پلے گراؤنڈ جیسے منصوبوں میں کرپشن کی ہے ندیم اشرف نے کہا کہ رانا مبشر اقبال نے بھاری رقوم بٹور کر سرکاری فنڈز پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیموں میں لگائے ہیں عباس محمود نے کہا کہ کاہنہ میں ہمیشہ پیراشوٹر نازل کیے گئے ہیں جبکہ زاہد حسنین، اجمل علی، باقر حسین اور دیگر نے کہا کہ تحریک لبیک پاکستان کے امیدوار حاجی عرفان علی بھٹی علاقہ میں مضبوط کینڈیڈیٹ ہیں عوام ن لیگ، پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی کا اصل چہرہ جان چکی ہے الیکشن میں عوام اب تحریک لبیک کو سپورٹ کرے گی اور تحریک لبیک پاکستان ہی ملک میں مہنگائی سے عوام کو چھٹکارہ دلوائے گی ملک کو اب تحریک لبیک ہی بہتری کی طرف لیکر جائے گی

بقیہ بقیہ جات 54

طرف سے جاری کئے گئے نتائج کے مطابق مسلم لیگ نواز کے امیدوار نے 19670 ووٹ لے کر پہلے جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار 18817 ووٹ حاصل کر کے دوسرے نمبر پر رہے

بقیہ بقیہ جات 55

کرنی چاہیے جس کے پاس پاور بھی ہو۔ میں پہلے دن سے کہہ رہا ہوں کہ صاف شفاف انتخابات کروائیں۔ عوام جس کو چاہیں اس کو لانا چاہیے۔ انجینئرنگ نے ملک کو بہت نقصان پہنچایا، ہمارے لوگوں کو اب بھی پکڑا جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی میدان میں موجود ہی نہیں تو سروے کیسے کیا جا رہا ہے۔ عمران خان کا مزید کہنا تھا کہ حالات اب یہ بن چکے ہیں کہ پی ٹی آئی کو کنٹرول کرنا ان کے لیے مشکل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خیبر پختونخوا میں انتخابات عدلیہ کی زیر نگرانی کروانے کی استدعا کی تھی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کیے جانے وراثتی انتقال شجرہ نسب چک نمبر 689 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت متوفی غلام بھیک ولد عبدالغنی چک نمبر 689 گ ب تحصیل پیرمحل برائے تصدیق پیش ہوا ہے جس میں متوفی کے وارثان میں عبدالغنی والد متوفی (پہلے فوت شد)، نعمت بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، بشیراں بی بی بیوہ متوفی زندہ، محمد احمد، محمد عثمان پسران متوفی زندہ، نازیہ پروین، عائشہ پروین، آمنہ پروین، رابعہ بھیک، خدیجہ، امۃ الحبیبہ دختران متوفی زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو اندر میعاد 3 یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے بصورت دیگر

بعدالت جناب محمد نعیم وٹو صاحب
سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ: استقرار حق معہ داد رسی مستلزمہ عنوان: ذیشان علی بنام چیف آفیسر وغیرہ اشتہار بنام: چیف آفیسر، سیکرٹری یونین کونسل فتح پور ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 29-01-2024 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی اور جوابدہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ
سول جج سیالکوٹ

دعویٰ دلاپانے عنوان شاہد احمد وغیرہ بنام عزہ ندیم وغیرہ اشتہار بنام 1 عزہ ندیم دختر محمد حفیظ زوجہ ندیم احمد شہری قوم آرائیں ساکن مکان نمبر A-64 محلہ D بلاک نیو مسلم ٹاؤن لاہور (بذریعہ مختار عام) مسمی امغان حفیظ ولد محمد حفیظ ساکن قاسم روڈ مکان نمبر 33 سیالکوٹ کینٹ سیالکوٹ 2 بالہ شفاعت دختر محمد حفیظ زوجہ شفاعت بشیر قوم آرائیں ساکن مکان نمبر 40 سٹریٹ نمبر 1 محلہ فلٹر 1 بحریہ ٹاؤن اسلام آباد 3 طلعت آرا بیوہ میاں محمد حفیظ قوم آرائیں ساکن مکان نمبر BI-25-8 الحفیظ مسلم کالونی کلووال روڈ ڈاکخانہ کوٹلی بہرام تحصیل وضلع سیالکوٹ 4 نبیلہ سہیل دختر محمد حفیظ زوجہ سہیل شاہد قوم آرائیں ساکن مکان نمبر B-124 ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ 5 ارمغان حفیظ ولد محمد حفیظ قوم آرائیں ساکن قاسم روڈ مکان نمبر 33 سیالکوٹ کینٹ تحصیل وضلع سیالکوٹ 6 عندلیبہ ضیغم دختر محمد حفیظ زوجہ ضیغم حسن قوم آرائیں ساکن الحفیظ کلووال روڈ کوٹلی بہرام تحصیل وضلع سیالکوٹ 7 شعاع شکیل دختر محمد حفیظ زوجہ شکیل احمد قوم آرائیں ساکن مکان نمبر 442 مہر آباد پشاور روڈ راولپنڈی 8 محمد شہباز اختر 9 عامر فاروق 10 آفتاب اختر پسران محمد اسحاق قوم آرائیں ساکنان محلہ شریف پورہ، گوہد پور تحصیل وضلع سیالکوٹ حال مقیم Atlantic Enterprises نزد حبیب میٹرو بینک گوہد پور روڈ سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے

بابری مسجد کی شہادت اور اُس کی جگہ رام مندر کا قیام عالمی جرم ہے۔

لاہور، الامہ لائرز فورم کے زیر اہتمام بھارت میں بابری مسجد کی جگہ مندر کی تعمیر کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

سری لنکا میں آن لائن مواد کنٹرول کرنے کا قانون منظور

حکومت نے آن لائن مواد کی جانچ کے لیے پانچ رکنی کمیشن بھی بنایا گیا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا نے آن لائن مواد کنٹرول کرنے کا قانون منظور کرلیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق سری لنکا کی پارلیمنٹ نے اکثریتی ووٹوں سے آن لائن مواد کنٹرول کا بل منظور کرلیا، بل میں آن لائن غیر قانونی مواد پوسٹ کرنے والے کو جیل کی سزا تجویز کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ آن لائن مواد کی جانچ کے لیے پانچ رکنی کمیشن بھی بنایا گیا ہے۔ سری لنکن حکومت (باقی صفحہ بقیہ پر 15)

لاہور، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس میں پہلے فیکلٹی جم کا افتتاح کر رہے ہیں

28 جنوری تک مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ہے، پی ڈی ایم اے

مختلف ڈویژن کے بیشتر علاقوں میں بارش ہوگی، مری اور گردونواح بارش اور برف باری متوقع

لاہور (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے 25 سے 28 جنوری تک پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ظاہر کر دیا۔ ترجمان کے مطابق ڈی جی خان، بہاولپور، ملتان، راولپنڈی اور گوجرانوالا ڈویژن کے بیشتر علاقوں میں بارش ہو گی۔ پنجاب کے میدانی علاقے جنوری کے آخری ہفتے بھی دھند کی لپیٹ میں رہیں گے۔ مری اور گردونواح بارش اور برف باری متوقع (باقی صفحہ بقیہ پر 16)

سی ٹی او کا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم

بغیر لائسنس گاڑی، موٹرسائیکل چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور عمارہ اطہر نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ بغیر لائسنس گاڑی، موٹرسائیکل چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، کم عمر بچوں کو گاڑی، موٹرسائیکل دینے والے بھی کسی معافی کے مستحق نہیں، بغیر ہیلمٹ، ون وے اور لین لائن پر خصوصی کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر 17)

دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانوں میں اردو کا دسواں نمبر

لاہور (این این آئی) دنیا میں تقریباً 7 ہزار کے قریب زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں سے کچھ ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں جبکہ اکثر بالکل ہی مختلف ہیں۔ رپورٹس کے مطابق دنیا بھر میں انگلش (انگریزی) سب سے زیادہ مشہور اور بولی جانے والی زبان ہے جسے 142.5 کروڑ افراد بولتے ہیں۔ چین میں بولی جانے والی زبان کا اس فہرست میں دوسرا نمبر ہے جسے 1.119 ارب افراد چین کے مختلف علاقوں میں بولتے ہیں۔ دنیا بھر میں ہندی زبان بولنے والوں کی تعداد 602 ملین ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب یکم فروری کو منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب یکم فروری کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر فیصل آباد سمیت ملک بھر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں حجاب کی اہمیت، افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی جائے گی جبکہ تمام بڑے شہروں میں خصوصی سیمینارز اور کانفرنسز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کے مختلف ممالک میں مسلمان خواتین مختلف انداز میں پردے اور اپنے آپ کو ڈھاپنے کا طریقہ اختیار کرتی ہیں جن میں حجاب اور سکارف بھی ایک اہم عنصر کے طور پر شامل ہے

چوہدری رحمت علی کی 73 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 73 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین قائد اعظم محمد علی جناح کے دیرینہ رفیق چوہدری رحمت علی کی ملک و قوم کیلئے پیش کی گئی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے

تاندلیانوالہ، استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر اور پی پی 102 سے امیدوار سردار سکندر حیات جتوئی کارنر میٹنگ شرکت کیلئے آرہے ہیں

پی ٹی آئی کی عدلیہ کی نگرانی میں الیکشن کرانے کی درخواست خارج

چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے عدلیہ کی نگرانی میں الیکشن کرانے کی درخواست خارج کی

بینچ نے 18 دسمبر کو کیس کی سماعت کر کے فیصلہ محفوظ کیا تھا، جسے آج جسٹس شکیل احمد نے جاری کر دیا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے کے پی میں انتخابات عدلیہ کی زیر نگرانی کرانے کی درخواست عدالت نے خارج کردی۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ ابراہیم خان اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے پی ٹی آئی کی جانب سے عدلیہ کی نگرانی میں الیکشن کرانے کی درخواست خارج کردی۔ بینچ نے 18 دسمبر کو کیس کی سماعت کر کے فیصلہ محفوظ کیا تھا، جسے آج جسٹس شکیل احمد نے جاری کردیا۔ (باقی صفحہ بقیہ پر 18)



لاہور، پنجاب سیف سٹیز کی جانب سے بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کی نشاندہی کیلئے بنائے گئے سافٹ ویئر کی مدد سے لی جانیوالی تصویر

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے طلبا کا ماڈل مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر، آئی پی ایچ کا دورہ

لاہور (این این آئی) کنگ ایڈورڈ میڈیکل میڈیکل یونیورسٹی ایم بی بی ایس سال چہارم کے طلبا کے گروپ نے انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے ماڈل ماں اور بچہ صحت مرکز کا دورہ کیا۔ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ ڈاکٹر رابعہ اسلام نے طلبا کو خوش آمدید کہا اور سینٹر کا وزٹ کرایا۔ اس موقع پر ڈاکٹر رابعہ نے میڈیکل سٹوڈنٹس کو مدر اینڈ چا کو دوران حمل اور وضع حمل کے بعد طبی معائنہ اور ہیلتھ کیئر (antenatal and post antenatal) کی دیگر سہولیات بارے آگاہی فراہم کی۔

الحمراء میلوڈیز میں (آج) نامور گلوکار فیض میاندار خان پرفارم کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمرا کے زیر اہتمام الحمراء میلوڈیز کا اہتمام مورخہ آج (جمعہ) 26 جنوری شام 5 بجے منعقد ہوگا جس میں نامور گلوکار فیض میاندار خان پرفارم کریں گے۔ گزشتہ روز الحمراء اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس کے نوجوان آرٹسٹوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ پروگرام میں عوامی شرکت الحمراء میلوڈیز کی کامیابی کا ثبوت ہے۔ الحمراء میلوڈیز ہفتہ میں تین روز بدھ، جمعرات اور جمعہ کو پیش کیا جاتا ہے۔ پروگرام میں شرکت کے لئے کوئی بھی خواہش مند آرٹسٹ اپنی رجسٹریشن کروا سکتا ہے۔

این اے 117 سے (ن) لیگی رہنما کا عبدالعلیم خان کی حمایت کا اعلان

لاہور (این این آئی) لاہور کے حلقہ این اے 117 سے مسلم لیگ (ن) کے مقامی رہنما چوہدری واحد نے استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان کی حمایت کا اعلان کردیا۔ شاہدرہ سے (ن) لیگ کے مقامی رہنما چوہدری واحد نے عبدالعلیم خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے کہا کہ شاہدرہ کے عوام کی طرف سے پذیرائی لائق تحسین ہے،

کشمیری آج بھارت کے یوم جمہوریہ کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے

کسی بھی قانون کے تحت بھارت مقبوضہ کشمیر میں اپنے فوجیوں کی تعیناتی کا جواز پیش نہیں کرسکتا

سرینگر (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) بھارت کے یوم جمہوریہ کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے جس کا مقصد عالمی برادری کو باور کرانا ہے کہ بھارت کشمیریوں کو ان کا ناقابل تنسیخ حق، حق خود ارادیت دینے سے مسلسل انکار کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یوم سیاہ منانے کی اپیل کل جماعتی حریت کانفرنس اور دیگر حریت (باقی صفحہ بقیہ پر 19)

پنجاب، معذور افراد کیلئے خصوصی 50 فیصد ڈسکاؤنٹ کارڈ کا اجراء

خصوصی ڈسکاؤنٹ کے ذریعے معذور افراد اورنج لائن اور میٹرو بس میں سفر کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے معذور افراد کے لیے خصوصی 50 فیصد ڈسکاؤنٹ کارڈ کا اعلان کر دیا۔ پنجاب امپاورمنٹ آف پرسنز وِدھ ڈس ایبلیٹیز ایکٹ کے تحت محکمہ سوشل ویلفیئر پنجاب نے خصوصی افراد کے لیے رعایتی سفری کارڈ کا اجراء کردیا ہے، ٹریول کارڈ حکومت کی طرف سے جاری کردہ معذوری سرٹیفکیٹ کے حامل تمام معذور افراد کو میسر ہوگا۔ یہ پروجیکٹ معذور (باقی صفحہ بقیہ پر 20)

لگژری آئٹمز کی درآمد پر مکمل پابندی ہونی چاہیے، پاکستان ٹیکس بار

کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ سرپلس ہونے کو مجموعی اقتصادی صورتحال کا پیمانہ قرار نہیں دیا جاسکتا

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ سرپلس ہونا معاشی اعشاریے میں تو مثبت رجحان ہے تاہم اسے ملک کی مجموعی اقتصادی صورتحال کا پیمانہ قرار نہیں دیا جا سکتا، ضروری خام مال اور کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ لگژری آئٹمز کی درآمد پر مکمل پابندی ہونی چاہیے۔ ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر زاہد عتیق چودھری اور نائب صدر عاشق علی (باقی صفحہ بقیہ پر 21)

لاہور، ایک خاتون لنڈا بازار سے جوتے خرید رہی ہے

سوشل میڈیا بارے آرمی چیف کے موقف کی تائید کرتے ہیں، متحدہ علما کونسل

ملکی سلامتی، فوج اور سکیورٹی اداروں کیخلاف سوشل میڈیا پر جو مہم چل رہی ہے وہ افسوسناک ہے

نوجوان ملک دشمنوں کے ہاتھوں استعمال ہو کر سوشل میڈیا پر ملک کے اداروں پر تنقید سے گریز کریں

لاہور (این ای آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا بارے آرمی چیف کے موقف کی تائید کرتے ہیں، ملکی سلامتی، فوج اور سکیورٹی اداروں کیخلاف سوشل میڈیا پر جو مہم چل رہی ہے وہ افسوسناک ہے، نوجوان ملک دشمنوں کے ہاتھوں استعمال ہو کر سوشل میڈیا پر (باقی صفحہ بقیہ پر 14)

پاکستان کو حکمرانوں نے مسائلستان بنا دیا ہے، سنی علما کونسل

آٹا، چینی، گھی، سبزیاں، دالیں، ایل پی جی، پٹرول ہر چیز من مانے ریٹوں پر فروخت ہو رہی ہے

غریب بچے سڑکوں پر بھیک مانگ رہے ہیں یا سٹریٹ کرائمز میں ملوث ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پاکستان کو حکمرانوں نے مسائلستان بنا دیا ہے، آٹا، چینی، گھی، سبزیاں، دالیں، ایل پی جی، پٹرول ہر چیز من مانے ریٹوں پر فروخت ہو رہی ہے، غریب بچے سڑکوں پر بھیک مانگ رہے ہیں یا سٹریٹ کرائمز میں ملوث ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے مافیا کو ملک میں لوٹ (باقی صفحہ بقیہ پر 13)

لاہور، ادارہ روح الاسلام کا افتتاح مفتی محب اللہ نوری، سید اعجاز علی شاہ، ڈاکٹر راغب کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کیخلاف کارروائیاں

عدم حاضری کی بنا پر چیئرمین تحصیل کونسل گمبٹ ساجد اقبال کو 50 ہزار روپے جرمانہ کر دیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کوہاٹ نے دو بار نوٹس جاری ہونے کے باوجود عدم حاضری کی بنا پر کارروائی کرتے ہوئے چیئرمین تحصیل کونسل گمبٹ ساجد اقبال کو 50 ہزار روپے جرمانہ کردیا۔ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کوہاٹ کو سوشل میڈیا کے ذریعے معلوم ہوا کہ تحصیل چیئرمین ساجد اقبال این اے 35 کوہاٹ سے امیدوار شہریار خان آفریدی، پی کے 90 اور پی کے 92 کے امیدواروں کیلئے انتخابی مہم چلا رہا ہے اور ورکرز کنونشن میں بھی شرکت کی جو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے جس پر 17 اور 18 جنوری کو انہیں (باقی صفحہ بقیہ پر 12)

میدانی علاقوں میں شدید دھند، 23 پروازیں منسوخ، 3 منتقل

حد نگاہ انتہائی کم ہونے کی وجہ سے موٹرویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ملک کے میدانی علاقوں میں شدید دھند کا راج برقرار ہے، جس کی وجہ سے فلائٹ آپریشن بھی متاثر ہو رہا ہے، مزید 23 پروازیں منسوخ اور 3 منتقل کر دی گئیں جبکہ حد نگاہ انتہائی کم ہونے کی وجہ سے موٹرویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پی آئی اے کی ابوظبی سے سیالکوٹ کی پرواز پی کے 178 کو لاہور اتارا گیا۔ ابوظبی اور دبئی سے (باقی صفحہ بقیہ پر 11)

سیف سٹی نے ''کرائم سٹاپرز'' نمبر متعارف کر دیا

جرائم کی روک تھام کی خفیہ اطلاع دینے کے لیے نمبر متعارف کیا گیا، ترجمان

لاہور (کرائم رپورٹر) سیف سٹی نے ''کرائم سٹاپرز'' نمبر متعارف کر دیا۔ شہری لاہور سمیت پنجاب بھر سے سیف سٹی کرائم سٹاپرز نمبر 033SAFECITY یعنی اس 03372332489 پر کال کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ جرائم کی روک تھام کی خفیہ اطلاع دینے کے لیے نمبر متعارف کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سیف سٹی کرائم سٹاپرز پر جرائم کی (باقی صفحہ بقیہ پر 10)

عقیدہ ختم نبوتؐ پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے، قاری اعظم حسین

ملک میں قادیانی گروہ اسلام کا ٹائٹل استعمال کر کے اپنے کفر وارتداد کو اسلام بنا کر پیش کر رہا ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوتؐ پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے، ملک میں قادیانی گروہ اسلام کا ٹائٹل استعمال کر کے اپنے کفر وارتداد کو اسلام بنا کر پیش کر رہا ہے، عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا دفاع کرنے والے ہر وقت اسلام کی افضل ترین عبادت میں مصروف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس (باقی صفحہ بقیہ پر 9)

ہم ڈرائنگ روم کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، افضل خان

ہمارا وژن مضبوط خودمختار خوشحال پاکستان اور ہمارے لئے ریاست کی بقا اور قومی سلامتی مقدم ہے

لاہور (این این آئی) امیدوار این اے 118، پی پی 148 امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہم ڈرائنگ روم کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، ہمارا وژن مضبوط خودمختار خوشحال پاکستان اور ہمارے لئے ریاست کی بقا اور قومی سلامتی مقدم ہے، ملک کی باشعور عوام جان چکے ہیں کہ ملک کی تقدیر بدلنے (باقی صفحہ بقیہ پر 8)

پاکستان، امریکی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش منزل ہے، مسعود خان

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل سرمایہ کاروں کو ہر ممکنہ سہولت فراہم کرے گی، پاکستانی سفیر

پاکستان چیمبر یو ایس اے کی جانب سے اکتوبر میں بزنس ایکسپو 2024 کا انعقاد کیا جائے گا

نیویارک (این این آئی) امریکہ میں متعین پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان، امریکی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش اور منافع بخش منزل ہے، خصوصی سرمایہ کاری کونسل کاروباری برادری کو ہر ممکنہ سہولت اور ون ونڈو سلوشن فراہم کرے گا تا کہ غیر ملکی سرمایہ کار منافع بخش کاروباری سرگرمیوں سے پاکستان اور خطے کی بڑی مارکیٹ سے استفادہ کرسکیں، آئی ٹی، توانائی، زراعت اور معدنیات ہمارے ترجیحی شعبہ جات ہیں تاہم ہم معیشت کے تمام شعبوں میں آنے والی سرمایہ کاری کو سہولت فراہم کریں گے۔ مسعود خان نے یہ بات پاکستان چیمبر آف کامرس یو ایس اے کے صدر عامر پیرانی اور ان کی (باقی صفحہ بقیہ پر 7)

لاہور، موٹر سائیکل سوار شہری بوہڑ والا چوک میں لنڈا بازار سے جیکٹ خرید رہا ہے

پنجاب بھر میں گزشتہ ماہ 4 کروڑ 34 ہزار لٹر سے زائد دودھ کی چیکنگ

3 لاکھ 77 ہزار لٹر ملاوٹی دودھ تلف کیا گیا، 19 ہزار 600 ملک شاپس کی چیکنگ، جرمانے

لاہور (این این آئی) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر ملاوٹی دودھ سپلائی کرنے والوں کے خلاف آپریشن جاری ہے، پنجاب بھر میں گزشتہ ماہ 4 کروڑ 34 ہزار لٹر سے زائد دودھ کی چیکنگ کی گئی جس میں 3 لاکھ 77 ہزار لٹر ملاوٹی دودھ تلف کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 19 ہزار 600 ملک شاپس اور 52 ہزار 500 سے زائد دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، 3 لاکھ 77 ہزار لٹر سے زائد ملاوٹی دودھ تلف کر کے 4 کروڑ 31 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے۔

ماحولیاتی آلودگی بین الاقوامی مسئلہ ہے، ڈاکٹر عزیر چوہدری

اگر ماحولیاتی بگاڑ کے روک تھام کیلئے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو مسائل میں مزید اضافہ ہوگا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ''ماحولیاتی تبدیلیوں اور پائیدار زراعت'' کے حوالہ سے منعقدہ بین الاقوامی سیمینار میں کینیڈا کے رکن ڈاکٹر عزیر چوہدری نے ماحولیاتی تبدیلیوں سے زرعی سیکٹر پر ہونے والے منفی اثرات پر بات کرتے ہوئے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات میں کمی اور پائیدار زراعت کیلئے تحقیق پر مبنی تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اس وقت ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کی وجہ سے جہاں انسان متاثر ہو رہے ہیں وہیں ماحولیاتی تبدیلیوں کا اثر براہ راست زرعی شعبہ پر ہو رہا ہے۔ اگر ماحولیاتی بگاڑ کے روک تھام کیلئے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو مسائل میں مزید اضافہ ہوگا

آئی سی ٹی بیلٹ اینڈ روڈ یونین میں پاکستان کمرشل سینٹر کا افتتاح

شنگھائی (این این آئی) چین اور پاکستان کے درمیان اعلیٰ معیار کے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو وسیع پیمانے پر فروغ دینے کیلئے آئی سی ٹی بیلٹ اینڈ روڈ یونین کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل ژینگ چوانجن اور لاسیرو لمیٹڈ کی نمائندہ عائشہ خان نے آئی سی ٹی بیلٹ اینڈ روڈ یونین میں پاکستان کمرشل سینٹر کے آغاز کے معاہدے پر دستخط کیے۔ گوادر پرو کے مطابق فیوچر اپرچونٹی انویسٹمنٹ کانفرنس 2024 کے دوران سینٹر کے افتتاح کی تقریب میں سرکاری عہدیداروں، کاروباری رہنماؤں اور ڈیجیٹل معیشت اور صنعتی سرمایہ کاری کے شعبوں میں 500 سے زائد عالمی کاروباری افراد نے شرکت کی۔

مالی بحران، امریکی اخبار نے 20 فیصد سے زائد عملہ فارغ کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار کے نیوز روم میں چھانٹیوں کا ایک تکلیف دہ دور شروع ہوا ہے، عملے میں یہ کمی اخبار کی 142 سالہ تاریخ میں سب سے زیادہ ہے۔ چھانٹی سے کم سے کم 115 صحافی متاثر ہوں گے، جو نیوز روم کے 20 فیصد سے کچھ زیادہ ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اخبار کا محرک مالی بحران کو بیان کیا۔ متوقع چھانٹی کے خلاف اخبار کی یونین ایل اے ٹائمز گلڈ نے احتجاج کیا۔

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا ایم پی او آرڈر جاری کرنے کا اختیار عارضی طور پر بحال

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا ایم پی او آرڈر جاری کرنے کا اختیار عارضی طور پر بحال کر دیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری نے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو ایم پی او آرڈر جاری کرنے سے روکنے کا سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر دیا گیا۔ عدالت نے سنگل بینچ کے فیصلے کے خلاف چیف کمشنر و دیگر کی اپیل پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔

بہاولپور، پلازے میں آگ لگنے سے دکانیں جل گئیں، لاکھوں کا نقصان

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور میں پلازے میں آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں 40 سے زائد دکانیں جل گئیں جبکہ لاکھوں روپے کا سامان بھی راکھ میں تبدیل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق آتشزدگی کا واقعہ بہاولپور کے سرکلر روڈ پر واقع الکریم پلازہ میں شارٹ سرکٹ کے باعث پیش آیا، آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے 40 سے زائد دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کی 6 گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں

اسلام آباد، عام انتخابات میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے دفعہ 144 نافذ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں عام انتخابات 2024 میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ نے دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبد اللہ محمود نے دفعہ 144 کے نوٹیفکیشنز بھی جاری کر دیئے ہیں، نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں آتش بازی کے سامان کی خرید وفروخت، اس کو جمع کرنے اور اسلحے کی نمائش پر پابندی عائد ہوگی، بارودی مواد کے استعمال سے ادفعہ 144 نافذ کردی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ریڈ زون کشمیر ہائی وے جناح ایونیو پر جلسے، جلوس اور ریلیوں پر بھی دفعہ 144 نافذ کردی گئی،

نواں کوٹ، 50 سالہ شخص چھت سے گر کر جاں بحق

لاہور (این این آئی) نواں کوٹ، ڈھولنوال میں 50 سالہ شخص چھت سے گر کر جاں بحق ہو گیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق متوفی کی شناخت 50 سالہ شاہد ولد اسلم کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی نوعیت جاننے کے لئے تحقیقاتی اداروں نے مختلف پہلوؤں پر کارروائی شروع کر دی ہے۔ پولیس اور فرانزک ٹیم کی کارروائی کے بعد لاش کو پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

نارووال، مسلم لیگ ن کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال ورکرز سے خطاب کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی اور ن لیگ لیاقت باغ میں جلسے کی اجازت مل گئی

پیپلز پارٹی 28 اور ن لیگ 27 جنوری کو لیاقت میں پاور شو دکھائیں گی

راولپنڈی (این این آئی) پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ لیاقت باغ میں جلسے کی اجازت مل گئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کو راولپنڈی کے لیاقت باغ میں انتخابی جلسے کی اجازت مل گئی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے لیاقت باغ میں انتخابی جلسے کے لیے ضلعی انتظامیہ کو (باقی صفحہ بقیہ پر 1)

انسداد بجلی چوری مہم، 47603 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے

17387 گرفتار، 47148 کنکشنز کیخلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی گئیں، لیسکو

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی 137 روز سے جاری انسداد بجلی چوری مہم میں کے دوران 47603 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے جن میں سے 17387 کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 47148 کنکشنز کے خلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی (باقی صفحہ بقیہ پر 2)

LPC
عورتوں کی شراکت، شمولیت اور نمائندگی
صورتحال، جائزہ اور لائحہ عمل
25 جنوری 2024ء
لاہور پریس کلب
LAHORE PRESS CLUB

لاہور، وائس ویمن ان سرنگل فار ایمپاورمنٹ کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے بشریٰ خالق خطاب کر رہی ہیں

شہر میں مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے

اسلامپورہ کے علاقہ سے بیہوشی کی حالت میں ملنے والی بزرگ خاتون دوران علاج دم توڑ گئی

موٹرسائیکل سوار تیز رفتاری کے باعث کھمبے سے ٹکرا کر جاں بحق ہو گیا، لاشیں مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) شہر میں مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق اسلامپورہ کے علاقہ سے بیہوشی کی حالت میں ملنے والی 60 سالہ بزرگ خاتون دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گئی جن کی شناخت نہیں ہو سکی۔ چوہنگ کے علاقہ میں ملتان روڈ پر موٹر سائیکل سوار تیز رفتاری کے باعث کھمبے سے ٹکرا کر جاں بحق ہو گیا۔ متوفی نجی کمپنی کا سکیورٹی گارڈ تھا۔ موٹر سائیکل سوار کی شناخت 45 سالہ ممتاز ولد عبدالعزیز کے نام سے ہوئی ہے جو منڈی صادق آباد کا رہائشی تھا۔ پولیس کی کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔

لاہور، انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے الڈا اینڈ چائلڈ ہیلتھ سنٹر کا دورہ کرنیوالے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے سٹوڈنٹس کو بریفنگ دی جا رہی ہے

ہمارے مخالفین پھر میچ فکس کر کے کھیلنا چاہتے ہیں، قمر زمان کائرہ

چیئرمین پی پی بلاول کا شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ علاقہ کبھی پیپلز پارٹی کا گڑھ ہوتا تھا، ہمارے مخالفین بلاول کے منشور سے خوفزدہ ہیں

پنجاب کو اپنی جاگیر سمجھ رہے تھے انہیں پتہ چل گیا کہ بلاول اپنے شہید نانا، شہید ماں کے نقش قدم پر چل پڑا ہے، سابق وفاقی وزیر

گجرات (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا کہ ہمارے مخالفین پھر میچ فکس کر کے کھیلنا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کا شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ علاقہ کبھی پیپلز پارٹی کا گڑھ ہوتا تھا، ہمارے مخالفین بلاول بھٹو کے منشور سے خوفزدہ ہیں، جو پنجاب کو اپنی جاگیر سمجھ رہے تھے انہیں پتہ چل گیا کہ بلاول اپنے (باقی صفحہ بقیہ پر 3)

خشک، سرد موسم کے دوران گندم کی بہتر دیکھ بھال کیلئے سفارشات جاری

کاشتہ گندم کی عمر زائد ہو چکی، کاشتکار یوریا کے غیر ضروری استعمال سے اجتناب کریں، محکمہ زراعت

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق طویل دورانیہ کے خشک اور سرد موسم کے باعث کاشتکار ربیع کی فصلات بالخصوص گندم کی خصوصی دیکھ بھال کریں۔ اس وقت صوبہ پنجاب میں کاشتہ گندم کی عمر 65 دن سے زائد ہو چکی ہے لہٰذا کاشتکار یوریا کے غیر ضروری استعمال سے اجتناب کریں۔ یوریا کے زیادہ استعمال سے فصل کی نباتاتی بڑھوتری میں غیر ضروری (باقی صفحہ بقیہ پر 4)

اپیل بنام ارباب اختیار
بجناب وزیر اعلیٰ پنجاب
آئی جی پنجاب
میری بیوی کو بازیاب کرایا جائے
دہشت گردی نامنظور

لاہور، ملتان چونگی کا رہائشی شخص اپنے بچوں کے ہمراہ پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہا ہے

بھارت میں مذہبی آزادی کے معاملات کو دیکھ رہے ہیں، امریکا

امریکا میں خالصتان ریفرنڈم پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا، نائب ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے نائب ترجمان ویدانت پٹیل نے کہا ہے کہ بھارت میں مذہبی آزادی کے معاملات کو دیکھ رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ویدانت پٹیل نے پریس بریفنگ کے دوران بابری مسجد کی جگہ رام مندر بنانے سے متعلق سوال کا جواب دینے سے گریز کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا مذہبی آزادی اور اظہار رائے کی آزادی کی حمایت کرتا ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر 5)

پی پی 175 سے مسلم لیگ کے امیدوار جاوید عثمان میو پر قاتلانہ حملہ

نماز فجر کیلئے گھر سے نکلے تو نامعلوم افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی، معجزانہ طور پر محفوظ رہے

پھولنگر (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے حلقہ پی پی 175 کوٹ رادھاکشن سے مرکزی مسلم لیگ کے امیدوار جاوید عثمان میو پر قاتلانہ حملہ ہوا تاہم وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ صوبائی اسمبلی کے نامزد امیدوار جاوید عثمان نماز فجر کے لیے اپنے گھر سے باہر نکلے ہی تھے کہ نامعلوم افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ واقعہ میں جاوید عثمان میو معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر 6)

لاہور، مسلم لیگ ن کے رہنما اسرار بٹ یونین کونسل 143 میں عابد صدیقی کی رہائشگاہ پر کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں